**Shabbir / Fazil**

**18-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ سے الگ کئی عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب طارق رحمٰن کو بھارت آنے کی دعوت دی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ بنگلہ دیش کے ساتھ قریبی تال میل سے کام کرنے کے منتظر ہیں۔

3- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج وشاکھا پٹنم میں انٹرنیشنل Fleet Review 2026 میں حصہ لیں گی۔

4- آسام میں سیاسی جماعتوں نے انتخابی کمیشن سے درخواست کی ہے کہ وہ آنے والے اسمبلی انتخابات کا انعقاد، ایک یا زیادہ سے زیادہ دو مرحلوں میں کرائے۔

5- اور کرکٹ میں، مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں گروپ-اے کے میچ میں آج شام احمد آباد میں بھارت کا مقابلہ نیدرلینڈز سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Bilaterals

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے تناظر میں کئی عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے۔ جناب مودی کا اسپین کے صدر پیدرو سانچیز، فن لینڈ کے وزیر اعظم Antti Petteri Orpo، سربیا کے صدر الیگزنڈر Vucic ، کروئیشیا کے وزیر اعظم Andrej Plenkovic، اسٹونیا کے صدر Alar Karis ، بھوٹان کے وزیر اعظم داشو شیرنگ ٹوبگے اور قزاخستان کے وزیر اعظم Olzhas Bektenov سے ملاقات کا پروگرام ہے۔×

AI IMpact

انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 نئی دلی میں بھارت منڈپم میں جاری ہے۔ یہ پانچ روزہ سمٹ ایسی پہلی عالمی AI سمٹ ہے جس کا انعقاد عالمی جنوب خطے میں ہو رہا ہے۔ 20ملکوں کے عالمی رہنما اس سمٹ میں شرکت کر رہے ہیں۔ تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Rishu

AI امپیکٹ سمٹ 2026 کے تیسرے دن آج ایک تحقیقی سمپوزیم منعقد کیا جائے گا جس میں ایسٹونیا کے صدر Alar Karis، الیکٹرونکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو اور الیکٹرانکس و آئی ٹی کے وزیرِمملکت جتِن پرساد اور دیگر شخصیتیں تبادلۂ خیال کریں گی۔ اس کے علاوہ آج افتتاحی جلسہ اور ورکنگ گروپ کا آغاز بھی ہوگا۔ جلسے میں انڈیا AI سمٹ کے وسیع تصور، ترجیحات اور ایجنڈے پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ کس طرح AI عالمی ترقی کی تشکیلِ نو SDGs سے آگے تک کریں گی۔ اِس سلسلے میں بھی ایک جلسہ منعقد کیا جائے گا، جس میں اس بات کے امکانات تلاش کیے جائیں گے، کہ کس طرح AI پیداواریت میں اضافہ کرسکتی ہے، صلاحیت کو مستحکم بنا سکتی ہے، ترقی کے راستے کھول سکتی ہے اور دنیا بھر میں نابرابری کو برابری میں بدل سکتی ہے۔

AI کی دفاعی اہمیت کا اعتراف کرتے ہوئے بھارت نے ایک بڑے اور سب کی شمولیت والے ا یکو نظام کی تعمیر کو اعلیٰ ترجیح دی ہے۔ انڈیا AI مشن، AI کمپیوٹ بنیادی ڈھانچے کی ترقی، ملک ہی میں تیار کیے گئے AI ماڈلس کا فروغ اور بڑے پیمانے پر صلاحیت سازی کے پروگرام جیسے اقدامات سے ملک میں ذمہ دارانہ اور قابل اعتبار AI کی ایک مضبوط بنیاد پڑ رہی ہے۔

رِشو جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں ....

India France Outcomes

بھارت اور فرانس نے اپنے تعلقات کو، عالمی خصوصی شراکت داری تک لے جانے سے اتفاق کیا ہے۔ اِس سلسلے میں 21 نکات سامنے آئے ہیں۔ دونوں ملکوں نے توسیع شدہ شراکت داری اور Horizon 2047 خاکے پر عمل درآمد کے لگاتار جائزے کیلئے غیر ملکی وزراء کے سالانہ مذاکرات شروع کرنے سے اتفاق کیا۔

دونوں ملکوں نے اختراع کا بھارت-فرانس سال اور بھارت-فرانس اختراع نیٹ ورک شروع کرنے سے بھی اتفاق کیا۔ ممبئی کے لوک بھون میں، فرانس کے صدر ایمونئل میخوں کے ساتھ وزیراعظم مودی نے ایک مشترکہ بیان میں زور دے کر کہا کہ یہ شراکت داری محض دفاعی نوعیت کی نہیں ہے بلکہ آج کی غیر مستحکم عالمی صورتحال کے دوران عالمی استحکام اور خوشحالی کے لئے بھی ہے۔

S/B 0815 PM FTA With EU

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور فرانس کے درمیان تعلقات خصوصی نوعیت کے ہیں اور فرانس، بھارت کے قدیم ترین دفاعی شراکت دار ملکوں میں شامل ہے۔x

S/B PM Indo France Stratetic Partnership

Macron

فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو 52 ویں، G7 کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ اس کانفرنس کی صدارت 2026 میں فرانس کرے گا۔
ممبئی میں ایک پریس بیان میں جناب میخوں نے بھارت اور فرانس کے درمیان ایک ایڈہاک میٹنگ کی اپیل کی ہے تاکہ Evian میں G7 سربراہ کانفرنس سے پہلے بین الاقوامی ایجنڈے پر کوئی اتفاقِ رائے قائم ہو سکے۔x

PM Modi Bangladesh PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب طارق رحمٰن کو اُن کے خاندان کے ساتھ بھارت دورے کی دعوت دی ہے۔ جناب رحمٰن کو لکھے گئے خط میں جناب مودی نے BNP رہنما کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان کثیر جہتی دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ دو قریبی پڑوسیوں کے طور پر بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان دوستی کی جڑیں، مشترکہ تاریخ، ثقافتی تعلقات اور امن اور خوشحالی کے عوام کی خواہشات میں   پیوست ہیں۔
جناب رحمٰن کو اُن کی انتخابی جیت پر مبارکباد دیتے ہوئے جناب مودی نے اِس فتح کو بنگلہ دیش کے عوام کی جانب سے جناب رحمٰن کی قیادت پر دکھائے گئے بھروسے اور اعتماد کی عکاسی قرار دیا۔
جناب مودی نے کہا کہ یہ مینڈیٹ، ملک کو امن، استحکام اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے جناب رحمٰن کے ویژن کے تئیں عوامی حمایت کی نمائندگی کرتا ہے۔
وزیر اعظم نے مزید کہا کہ وہ کنیکٹی وِٹی، تجارت، ٹکنالوجی، تعلیم، ہُنرمندی کے فروغ، توانائی، صحت دیکھ بھال اور ثقافت اور عوام سے عوام رابطوں سمیت وسیع تر شعبوں میں ڈھاکہ کے ساتھ اشتراک بڑھانے کے منتظر ہیں۔
اِس سے پہلے جناب طارق رحمٰن نے بنگلہ دیش کے   وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف لیا، جو ملک میں محمد یونس کی قیادت والی عبوری حکومت کے تقریباً 18 مہینے کی غیر یقینی صورتحال کے بعد ایک نئے سیاسی باب کا آغاز ہے۔
لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے حلف برداری کی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کی۔
اُن کے ہمراہ خارجہ سکریٹری وِکرم مسری، سینئر سیاسی رہنما اور فوج کے اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے۔

BNP نے رحمٰن کی قیادت میں دو تہائی کی واضح اکثریت حاصل کرتے ہوئے اقتدار حاصل کیا ہے۔ 12 فروری کو ہوئے انتخابات میں BNP نے تقریباً 50 فیصد ووٹ حاصل کرتے ہوئے 209 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ انتخابی نتائج کا اعلان 13 فروری کو کیا گیا تھا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev.Prez AP Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آندھراپردیش کے وشاکھا پٹنم کے ساحل پر آج انٹرنیشنل Fleet Review, IFR 2026 میں حصہ لیں گی۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ یہ انعقاد، بھارت کے سب سے بڑے بحری اجتماعات میں سے ایک ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Allu Murali

صدر جمہوریہ، مسلح افواج کی سپریم کمانڈر کے طور پرReview Anchorage Area میں جمع 70 جنگی بحری جہازوں، آبدوزوں اور تقریباً 50 ہوائی جہازوں کا معائنہ کریں گی۔ آندھراپردیش کے گورنر ایس عبدالنظیر اور وزیر اعلیٰ این چندرابابو نائیڈو صدر جمہوریہ کے ہمراہ رہیں گے۔ اس تقریب میں 50 سے زیادہ ممالک کے بحری وفود حصہ لے رہے ہیں، جو بھارت کی بڑھتی بحری شراکت داری کی عکاسی کرتا ہے۔

صدر جمہوریہ INS سُمیدھا سے روانہ ہوں گی، جسے صدارتی Yacht کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ سودیشی طرز پر بنا بھارت کا پہلا طیارہ بردار جنگی جہاز INS Vikrant، انٹرنیشنل Fleet Review میں توجہ کا مرکز رہے گا۔ اس کے علاوہ وشاکھاپٹنم اور نیلگری سمیت دیگر سودیشی پلیٹ فارم بھی بحریہ کے Builder's Navy کے ویژن کو نمایاں کریں گے۔

بھارتی بحریہ گزشتہ روز انٹرنیشنل Fleet Review کی آخری ریہرسل منعقد کی اور اس تقریب کی مکمل آپریشنل تیاریوں کو یقینی بنایا۔

IFR 2026، میلان مشق اور انڈین اوشین نیوَل سمپوزیم کونکلیو کے ساتھ منعقد ہو رہا ہے، جو ایک بڑا بحری اجتماع ہے۔ ''سمندروں کے ذریعے متحد اور دوستی کو مضبوط کرنے'' کے عنوان کے تحت منعقد ہو رہے انٹرنیشنل Fleet Review میں بھارت-بحرالکاہل خطّے میں بحری تعاون اور سلامتی کو نمایاں کیا جائے گا۔

وشاکھاپٹنم سے Allu Murali کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Rev. Assam ECI Meeting

آسام میں سیاسی جماعتوں نے انتخابی کمیشن سے درخواست کی ہے کہ وہ آنے والے آسمبلی انتخابات کا انعقاد، ایک یا زیادہ سے زیادہ دو مرحلوں میں کرائے۔

بھارت کے انتخابی کمیشن، ECI کی مکمل بنچ نے کل آسام کے گوہاٹی میں تسلیم شدہ سیاسی جماعتوں کے نمائندوں سے ملاقات کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Aminul Haque

اعلیٰ چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے گوہاٹی میں دیگر دو انتخابی کمشنروں سُکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وِویک جوشی کے ساتھ مختلف سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں اور سینئر پولیس اور ضلع انتخابی افسران سے ملاقات کی۔ سیاسی جماعتوں نے انتخابی کمیشن سے درخواست کی کہ انتخابی عمل کو آسام کے لوگوں کے اہم تہوار Bihu سے پہلے مکمل کر لیا جائے۔ انتخابی کمیشن کی ٹیم کا تین روزہ آسام دورہ آج اختتام پذیر ہوگا۔

گوہاٹی سے امین الحق جوادر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Amit Sha WB

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج مغربی بنگال کے ایک روزہ دورے پر رہیں گے۔ کولکاتہ میں اپنی آمد کے بعد جناب شاہ، نوڈیا کے ماياپور میں اِسکون صدر دفتر جائیں گے، جہاں سری لا بھکتی سِدھانت سرسوتی ٹھاکر کی 152 ویں جینتی منائی جائے گی۔ اِس کے علاوہ جناب شاہ جیا پتاکا سوامی مہاراج کے ساتھ اعلیٰ سطحی میٹنگ کریں گے اور مندر کے احاطے میں منعقد کیے جانے والے عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔x

Iran US Talks

ایران نے کہا ہے کہ اُس کے نیوکلیائی پروگرام پر امریکہ کے ساتھ تنازعہ کو حل کرنے کیلئے اہم رہنما اصولوں پر، امریکہ کے ساتھ اُس کی مفاہمت ہوگئی ہے۔ کل جنیوا میں دوسرے دور کی بات چیت کے بعد ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے یہ بھی کہا کہ اس سلسلے میں مزید کام کیے جانے کی ضرورت ہے، جبکہ امریکہ نے کہا ہے کہ اِس سلسلے میں پیشرفت ہوئی ہے۔

ثالث ملک Oman کے وزیر خارجہ بدر Albusaidi نے کہا کہ یہ بات چیت کل اختتام پذیر ہوئی، جس میں مشترکہ مقاصد اور تکنیکی معاملات کی نشاندہی کی جانب کافی پیشرفت ہوئی۔x

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج دہلی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور مشرقی راجستھان میں گرج چمک اور ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔ انڈمان اور نکوبار جزائر اور راجستھان میں آج گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ طوفان کی توقع ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مغربی مدھیہ پردیش میں گرج چمک کے ساتھ طوفان کی بھی پیشگوئی کی۔ موسمیاتی ایجنسی نے کہا ہے کہ ساحلی آندھرا پردیش اور اوڈیشہ شدید دھند میں چھائے رہے گی۔ دریں اثناء دلی NCR میں صبح سویرے ہلکی بارش ہوئی۔

IMD کے مطابق کل تک شمال مغربی بھارت کے کچھ حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت دو سے چار ڈگری سیلسیس کم ہونے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ آئندہ دو دن کے دوران گجرات، مہاراشٹر کے جنوبی حصوں، وسطی بھارت اور مشرقی بھارت میں کم از کم درجہ حرارت میں دو ڈگری سیلسیس بڑھنے کا امکان ہے۔x

SC ED

سپریم کورٹ، اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کی طرف سے داخل کی گئی ایک درخواست کی آج سماعت کرے گا، جس میں مغربی بنگال سرکار اور وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے اِس ایجنسی کے حالیہ تحقیقاتی کام کاج میں مداخلت کی ہے۔ انہوں نے یہ مداخلت سیاسی مشاورتی کمپنی "Inidian Political Action Committee (I-PAC) اور اس کے بانی ساتھی پرتیک جین کی، کولکاتہ میں رہائش گاہ پر کی تھی۔x

Cricket T20

کرکٹ میں، مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں گروپ-اے کے میچ میں آج شام احمد آباد میں بھارت کا مقابلہ نیدرلینڈز سے ہوگا۔

اِس سے پہلے کل شام ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے گروپ C کے ایک مقابلے میں نیپال نے اسکاٹ لینڈ کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ اسکاٹ لینڈ کی جانب سے دیے گئے 171 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے نیپال نے 19 اوورس اور دو گیندوں میں تین وکٹ کھو کر یہ نشانہ حاصل کر لیا۔ نیپال کی جانب سے دیپندر سنگھ ایری نے سب سے زیادہ رن بنائے اور اُنہیں پلییَر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں آج دو اور مقابلے ہونے ہیں۔ گروپ D میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔

یہ میچ نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں صبح 11 بجے سے کھیلا جائے گا۔ گروپ A کے دوسرے مقابلے میں پاکستان کا سامنا نمیبیا سے ہوگا۔ یہ میچ کولمبو کے سنہالیز اسپورٹس کلب میں دوپہر تین بجے سے کھیلا جائے گا۔ x

All Women Asia Cup

کرکٹ میں، ACC خواتین ایشیا کپ رائزنگ اسٹارس ٹورنامنٹ کے گروپ A میچ میں بھارت نے نیپال کو 7 وکٹ سے شکست دے کر شاندار جیت حاصل کی اور سیمی فائنل میں اپنی جگہ بنالی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے گروپ A میں تین میچوں میں اپنی دوسری جیت حاصل کی۔ بھارت دو میچوں کی جیت اور ایک بار شکست کے ساتھ، چار پوائنٹس کے ساتھ سرِفہرست ہے۔

Tanuja Kanwar کو شاندار بالنگ کرنے پر میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا۔ نیپال کی ٹیم نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 18 اوورز میں محض 78 رن بنا سکی۔ بھارت نے 79 رن کا آسان نشانہ 7 اعشاریہ پانچ اوورز میں ہی حاصل کرلیا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان

شکریہ -ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے بھارت-فرانس تعلقات سے متعلق خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے : بھارت-فرانس تعلقات میں نیا باب۔ اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا اعلان، وزیراعظم نے فرانس کے صدر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کی کوئی حد نہیں ہے۔ بھارت ہر خطے میں امن کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

روزنامہ پرتاپ نے بنگلہ دیش کے نئے وزیراعظم کے حلف لینے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے: بنگلہ دیش میں طارق رحمان نے کمان سنبھالی، حلف برداری میں اوم برلا کی شرکت۔ اوم برلا نے طارق رحمٰن کو بھارت آنے کی دعوت دی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے AI امپیکٹ سمٹ 2026 سے متعلق خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے:

AI بھارت کو عالمی سطح پر ''علم کا سپر پاور'' بنانے میں انقلابی کردار ادا کرے گی: دھرمیندر پردھان کا بیان

اخبارات کی کچھ اہم سرخیاں:

☆ سعودی عرب سمیت خلیجی ممالک میں آج پہلا روزہ۔

☆ ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور اختتام پذیر۔

☆ بھارتی بحریہ کا میری ٹائم کانکلیو 21 فروری کو ہوگا۔

☆ ناروے اور بھارت میں تعاون کیلئے وزیر خزانہ کی ناروے کے لیڈروں سے ملاقات

☆ آسام میں آئندہ اسمبلی انتخابات سے قبل بڑی سیاسی جماعتوں کے ساتھ چیف الیکشن کمیشن کی میٹنگ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ سے الگ کئی عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب طارق رحمٰن کو بھارت آنے کی دعوت دی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ بنگلہ دیش کے ساتھ قریبی تال میل سے کام کرنے کے منتظر ہیں۔

3- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج وشاکھا پٹنم میں انٹرنیشنل Fleet Review 2026 میں حصہ لیں گی۔

4- آسام میں سیاسی جماعتوں نے انتخابی کمیشن سے درخواست کی ہے کہ وہ آنے والے اسمبلی انتخابات کا انعقاد، ایک یا زیادہ سے زیادہ دو مرحلوں میں کرائے۔

5- اور کرکٹ میں، مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں گروپ-اے کے میچ میں آج شام احمد آباد میں بھارت کا مقابلہ نیدرلینڈز سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---